## مسلم لیگ (ق) کے رہنما اور سابق وزیر ذوالفقار علی شاہ کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان سے ملاقات اور شہید انقلاب ایم کیو ایم کنونیر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29 ستمبر 2010ء

مسلم لیگ (ق) کے رہنما اور سابق وزیر ذوالفقار علی شاہ کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان سے ملاقات کی اور شہید انقلاب ایم کیو ایم کے کنونیر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت و افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن صوبائی وزیر نثار پنہور بھی موجود تھے۔ذوالفقار علی شاہ نے رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان سے گفتگو کرتے ہوئے عمران فاروق شہید کی المناک شہادت کی مذمت کرتے ہوئے اسے ملک کا سب سے بڑا نقصان قرار دیا ہے اور شہید کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی۔

## الطاف حسین اور متحدہ ہر سطح پر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لئے آواز بلند کرے گی، نادیہ گبول
## ڈاکٹر عافیہ صدیقی قوم کی بیٹی ہے اس کو ہر حال میں باعزت رہا کرائیں گے
## صوبائی وزیر نادیہ گبول کی کراچی میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہن اور والدہ سے ملاقات

کراچی۔۔۔29 ستمبر 2010ء

صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق نادیہ گبول نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر کراچی میں واقعہ عافیہ صدیقی کی رہائشگاہ جا کر ان کی بہن فوزیہ صدیقی اور والدہ عصمت صدیقی سے ملاقات کی۔نادیہ گبول نے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لئے ہر سطح پر آواز بلند کرنے کی یقین دہانی کرائی۔نادیہ گبول نے کہا کہ ایم کیو ای ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا کو کالعدم کروانے اور ان کی رہائی کے لئے سفارتی سطح پر عملی اقدامات کرنے کے لئے حکومت پر زور ڈالے گی۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی وطان کی بیٹی ہے جس کو 86 سال کی سزا دینا غیر انسانی فعل ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ نے جس ہمت اور حوصلے کے ساتھ تمام مشکلات کو برداشت کیا ہے ان کا یہ صبر رائیگاں نہیں جائے گا اور انشاءاللہ وہ وقت دور نہیں جب ڈاکٹر عافیہ صدیقی ہم سب کے ساتھ پاکستان میں ہوں گی۔صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق نے کہا کہ متعلقہ کورٹ کو عالمی انسانی حقوق کو مدنظر رکھتے ہوئے عافیہ صدیقی کو 86 سال کی سزا انہیں دینی چاہئے تھی۔متحدہ قومی موومنٹ اس کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت سے اپیل کرتی ہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو ملک واپس لانے کے لئے مزید اقدامات کیے جائیں۔اس موقع پر نادیہ گبول نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی والدہ اور بہن کو یقین دہانی کرائی کہ ایم کیو ایم مشکل کی اس گھڑی میں ان لوگوں کے ساتھ ہے اور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے،نادیہ گبول نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی وطن واپسی کے لئے ایم کیو ایم ہر ممکن اقدامات کرے گی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا کیخلاف اور انکی رہائی کیلئے کراچی کے علاوہ اندرون سندھ حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، سمیت صوبہ پنجاب اور ملک بھر میں احتجاجی ریلیاں
## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے
## ادبی، سماجی، سیاسی، صحافی، تاجر وصنعت کار، ڈاکٹرز، انجنیئر ز، پروفیسرز، وکلاء برادری
## اور مکاتب فکر کے علمائے کرام ومشائخ حضرات کے علاوہ اقلیتی برادریوں کے وفود کی احتجاجی ریلی میں شرکت

کراچی۔۔۔29 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو امریکی عدالت کی جانب سے سنائی جانیوالی سزا کیخلاف احتجاجی ریلی کے سلسلے میں کراچی کے علاوہ اندرون سندھ حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈو الہ یار، گھوٹکی، جامشورو، عمرکوٹ، ٹھٹہ، نوشہروفیروز، بدین، لاڑکانہ، خیرپور، شکارپور، دادو، قمبر شہدادکوٹ ، کشمور، جیکب آباد، سمیت صوبہ پنجاب کے ڈسٹرکٹ ملتان، لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، راولپنڈی، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، مظفرآباد، میرپور، راولاکوٹ، بلوچستان، کوئٹہ، خیبر

پختون خواہ، ایبٹ آباد میں واقع پریس کلب پر احتجاجی ریلیاں منعقد کی گئی۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار رندھاوا اور حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد نے ملتان میں احتجاجی ریلی میں شرکت کی جبکہ رکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی نے کوئٹہ کی احتجاجی ریلی میں شرکت کی۔علاوہ ازیں حق پرست رکن قومی صلاح الدین نے اور رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین نے پنڈی میں احتجاجی ریلی میں شرکت کی اسی طرح لاہور میں احتجاجی ریلی میں رکن قومی اسمبلی ندیم احسان اور سینیٹر عبدالحسیب نے شرکت کی۔اس موقع پر اندورن سندھ اور صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کی زونل کمیٹیوں کے انچارجز اراکین، سابق حق پرست نمائندگان ایم کیوایم شعبہ خواتین، اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران و کارکنان، عوام سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ادبی، سماجی، سیاسی، صحافی، تاجر وصنعت کار، ڈاکٹرز انجینیئرز، پروفیسرز، وکلاء برادری اور مکاتب فکر کے علمائے کرام ومشائخ حضرات کے علاوہ اقلیتی برادریوں کے وفود جن میں ہندو، سکھ، کمیونٹی کے لیڈران نے بھی احتجاجی ریلی میں شرکت کی۔اس موقع پر ریلی کے شرکاء نے امریکی عدالت کی جانب سے ظالمانہ سزا کیخلاف مذمتی پلے کارڈ اور بینرز اور الطاف حسین کی تصاویر کے پوٹریٹ اُٹھار کھے تھے۔اس دوران ریلی کے شرکاء نے امریکی حکومت کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دی جانیوالی سزا کے فیصلے غیر انسانی اور غیر منصفانہ قرار دیتے ہوئے اس کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی سے مکمل اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے امریکی حکومت اور اسکے صدر سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے انکی جلد رہائی کیلئے مثبت اور ٹھوس عملی اقدامات کو بروئے کار لائیں اور انہیں انسانی حقوق کے مطابق انصاف فراہم کیا جائے۔اس دوران احتجاجی ریلی سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ظالمانہ اور فرسودہ نظام کیخلاف جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج کی احتجاجی قوم کی معصوم اور بے گناہ بیٹی کو امریکی عدالت کی جانب سے دی جانیوالی سزا اور انکی رہائی کیلئے کراچی سمیت ملک بھر میں منعقد کی گئی ہے جس سے کامیاب بنانے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انکا شکریہ ادا کیا اور انہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔اس دوران حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے ارکان اور ایم کیوایم کی زونل کمیٹیوں کے ذمہ داران نے بھی خطاب کیا اور احتجاجی ریلی میں شرکت کرنے پر شرکاء کا خیر مقدم کیا۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام ملک بھر میں
## ایم کیوایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کا انعقاد

کراچی۔۔۔29 ستمبر 2010ء

شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام دس روزہ پر امن یوم سوگ منایا گیا اور اس دوران مسلسل دس روز تک ملک بھر میں شہید کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم کے ملک بھر کے دفاتر میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے۔تفصیلات کے مطابق اندرون سندھ میں حیدرآباد، سکھر، نوابشاہ، میرپورخاص اور دیگر اضلاع سمیت صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد، صوبہ بلوچستان، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، ملتان، میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان، سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماؤں، علمائے کرام، انجمنوں کے عہدیداران اور تاجر رہنماؤں اور ردعوام ہمدنے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے خشوع وخضوع کے ساتھ دعائیں کی گئیں اور شہید کی تحریکی خدمات، ثابت قدمی اور جدوجہد پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ملکی یا بین الاقوامی سطح پر جتنی بھی سازشیں کرلی جائیں ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان کے حوصلوں کو نہیں توڑا جاسکتا۔اجتماعات میں ایم کیوایم کی ویب سائٹ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کارکنوں کیلئے لکھا گیا خط بھی پڑھ کر سنایا گیا۔اس موقع پر کارکنان قائد تحریک جناب الطاف حسین پر مکمل اعتماد اور عزم کا اظہار کرتے ہوئے کٹھن ومشکل حالات میں تحریکی جدوجہد کو جاری رکھنے کیلئے تحریک سے ثابت قدم رہنے کا عہد بھی کیا۔

## اٹلی میں سمندر پار پاکستانیوں کی تنظیم کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر قرآن خوانی کا اجتماع

کراچی۔۔۔29 ستمبر 2010ء

شہیدِ انقلاب رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اٹلی میں سمندر پار پاکستانیوں کی تنظیم کے تحت شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا۔اجتماع میں سمندر پار پاکستانیوں کی تنظیم کے آرگنائزر راجہ وقاص طارق، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور اٹلی میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازں اجتماعی دعائیں کیں گئیں اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس موقع پر راجہ وقاص طارق نے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عمران فاروق کا قتل نہ صرف ایم کیوایم بلکہ پورے پاکستان کیلئے ایک بڑا سانحہ ہے انہوں امید ظاہر کی کی برطانیہ کی حکومت ڈاکٹر عمران فاروق کو جلد از جلد گرفتار کرکے اسے قانون کے مطابق سزا دے گی۔

## پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر راؤ سکندر اقبال، ایم کیو ایم ناظم گلبہار سیکٹر کے کارکن نوشاد احمد اور ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر کے کارکن ساجد حسین زیدی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔29 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر راؤ سکندر اقبال ر، ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے کارکن نوشاد احمد اور ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 54 کے کارکن اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عابد حسین زیدی کے چھوٹے بھائی ساجد حسین زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل محبانِ پاکستان اوورسیز کویت یونٹ کے تحت متاثرین سیلاب کی امداد کیلئے تیسری امدادی سامان کی کھیپ کراچی روانہ کردی گئی

کراچی۔۔۔29 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر ایم کیو ایم محبانِ پاکستان اوورسیز کویت یونٹ کے تحت متاثرین سیلاب کی امداد کیلئے تیسری امدادی سامان کی کھیپ کو گزشتہ دنوں اوورسیز کویت کے آرگنائزر افضل خان نے کراچی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کیلئے بذریعہ ہوائی جہاز روانہ کیا۔تفصیلات کے مطابق فراہم کردہ امدادی کھیپ میں 24 لاکھ روپے مالیت کی روزمرہ استعمال کی اشیاء دالیں، آٹا، چاول، گھی، تیل، خشک دودھ اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کی اشیاء سمیت مختلف وبا اور امراض سے بچاؤ کیلئے ادویات شامل ہیں ۔اس امدادی کھیپ کو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کراچی ائیر پورٹ پر وصول کریں ۔بعدازاں اس سامان کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں ٹرکوں کے ذریعے لایا جائے گا۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔29 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی سوسائٹی سیکٹر یونٹ 8 کے کارکن عامر علی کی والدہ محترمہ شبانہ بیگم، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133/B کے کارکن اسرار کے والد عطاء اللہ خان، ناظم گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے کارکن نوشاد احمد، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 54 کے کارکن اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن سید عابد حسین زیدی کے چھوٹے بھائی سید ساجد حسین زیدی اور ایم کیو ایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 12 کے یونٹ انچارج دانیال قریشی کی والدہ محترمہ اعجاز خاتون بیگم کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے ۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی کے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے ۔( آمین )

## ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 54 کے کارکن ساجد حسین زیدی کو سپرد خاک کردیا گیا
## تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر ڈاکٹر فاروق ستار و رکن رابطہ کمیٹی اور دیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔۔29 ستمبر 2010ء

ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 54 کے کارکن ساجد حسین زیدی کو وادی حسین قبرستان میں سینکڑوں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نمازِ ظہر امام بارہ گاہ مارٹن کواٹر پی آئی بی میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ و تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر ڈاکٹر فاروق ستار، رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان، علاقائی سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆